سینیٹ کی ڈیبیٹ کی آفیشل رپورٹ جلد نمبر ۲ شمارہ نمبر ۵ کے صفحہ (غالباً یہ ٹائپ کچھ صحیح نہیں) غالباً ۹۴۴ ہے ، پر میری تقریر کی جو رپورٹ شائع ہوئی ہے اس نے میرے حلقہ انتخاب یعنی قومی اسمبلی کے اراکین میں سخت غلط فہمی پیدا کر دی ہے اس رپورٹ میں مجھ سے منسوب یہ الفاظ شائع کئے گئے ہیں کہ میں نے کہا and I quote ”ہر چند کہ میری رائے اس وقت بھی یہ تھی اور آج بھی یہ ہے کہ الیکشن غیر جماعتی بنیاد پر نہیں ہونے چاہئیں اور اس مؤقف کو جانتے ہوئے ان حضرات نے مجھے ووٹ دیا اس کے لئے میں ان کا بے حد شکر گزار ہوں لیکن میں سمجھتا ہوں کہ آزادانہ

انتخابات میں وہ بے جا طور پر عوام کے نمائندے بن کر سامنے آئے ہیں اور اس کے لئے ہمارے دل میں ان کا بے حد احترام ہے ۔ میں نے "بے جا" طور پر عوام کے نمائندے بن کر سامنے آئے ہیں"، نہیں کہا تھا بلکہ "بجا طور پر عوام کے نمائندے بن کر سامنے آئے ہیں" کہا تھا، اس ایک لفظ کے تغیر سے مفہوم میں زمین آسمان کا فرق پیدا ہو گیا ہے ۔ آفیشل رپورٹیں شائع کرنے سے پہلے ممبران سے correction کرائی جاتی ہے، پھر اس کی پروف ریڈنگ بھی ہوتی ہو گی مگر اس کے باوجود یہ بے احتیاطی سخت قابل افسوس ہے ۔ اس سنگین غلطی سے میرا استحقاق مجروح ہوا ہے اس لئے میں تحریک کرتا ہوں کہ ایوان اس پر غور کرتے ہوئے اس کے تدارک کی کوئی صورت پیدا کرے ۔

جناب چیئرمین ! آپ کی وہ رولنگ میرے پیش نظر ہے کہ جہاں تک میڈیا کا تعلق ہے انہیں رپورٹ کرنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا، اگرچہ اس میں بھی آپ نے فرمایا کہ جب وہ رپورٹ کریں تو یہ ان پر لازم ہے کہ وہ صحیح رپورٹ کریں، لیکن جہاں تک آفیشل رپورٹنگ کا تعلق ہے، اس میں ممبر کو رپورٹ کرنا، پوری طرح رپورٹ کرنا اور ٹھیک طور پر رپورٹ کرنا، یہ اس کا حق ہے ۔ اور اس کیس میں جو میرے ساتھ ہوا ہے، یہ جناب والا وہی ہے جو شاعر نے کہا کہ :

ع ہم دُعا لکھتے رہے اور وہ دغا پڑھتے رہے
ایک نقطے نے ہمیں محرم سے مجرم کر دیا

تو میں نے "بجا طور" پر کہا اور انہوں نے "بے جا" طور پر لکھا اور "بے جا" کو بھی اگر وہ "بیجا" ملا کر لکھ دیتے تب بھی یہ سمجھا جاتا کہ یہ شاید کتابت کی غلطی ہے یا ٹائپ کی غلطی ہے لیکن "بے" کو لمبا کھینچ کر اور "جا" کو الگ لکھ کر پوری طرح ابہام دور کر دیا گیا ہے کہ میں نے تمام قومی اسمبلی کے اراکین کو یہ کہا ہے کہ وہ "بے جا" طور پر منتخب ہوئے ۔

جناب والا ! یہ صورت جو ہے یہ یقیناً قابل رشک صورت نہیں ہے اور اس سے میرا جو حق ہے اس کا تحفظ نہیں کیا گیا، اب اس کی correction کی کیا صورت ہو گی، وہ دو چار ماہ میں آپ کی جو اگلی کوئی Debate ڈیبیٹ چھپے گی، جو ۶ ماہ

[Maulana Khusar Niazi]

میں ایک آدھ چھپتی ہے اس میں آج کی پروسیڈنگز آئیں گی اور یہ اس وقت جو رات گئے ہمارا اجلاس ہوتا ہے اس کی کارروائی اخبارات میں بھی رپورٹ نہیں ہو پاتی، دریں اثنا یہ جو میرے بارے میں غلط فہمی ہے یہ پھیلتی چلی جائے گی تو اس لیے کوئی correction کا ایسا راستہ کہ جہاں جہاں آپ نے یہ debates بھیجی ہیں یا تو اس کے ساتھ یا اس کا تصحیح نامہ جو ہے یہ بھجوائیں تاکہ اس سنگین غلطی کا تدارک ہو سکے۔

جناب چیئرمین : جہاں تک اس کا تعلق ہے، اس کا تعلق سینٹ سیکرٹریٹ سے ہے، اور سینٹ سیکرٹریٹ کے متعلق آپ کے رولز بتاتے ہیں کہ اگر کوئی ایسا مسئلہ درپیش ہے تو وہ ان سے directly لیا جاتا ہے۔ اس پر اگر آپ سینیٹ سیکرٹریٹ کو پوائنٹ آؤٹ کرتے تو بہت آسانی سے یہ مسئلہ حل ہو جاتا، نکتہ آپ کا صحیح ہے لیکن وہاں پر میں عرض کروں گا کہ عاقلان پئے نقطہ نمی روند، آپ نے بجا طور پر کہا ہے اور بجا طور پر یہ اعتراض بھی کیا ہوا ہے اور وہ "بیجا" سے "بجا"، ہو سکتا تھا اگر آپ سیکرٹریٹ کو کہتے اور تصحیح نامہ جاری ہو جاتا جو آج بھی جاری ہو سکتا ہے اور ان کو میں ہدایت دوں گا کہ وہ جاری کر دیں اور جتنے ممبران کو یہ کاپیاں تقسیم ہوئی ہیں ان کو وہ تصحیح نامہ بھیج دیں۔

مولانا کوثر نیازی : بہت بہت شکریہ جناب، صرف یہ گزارش کروں گا کہ ... (مداخلت)

جناب چیئرمین : باقی جہاں تک غلطیوں کا تعلق ہے یعنی یہاں پر ایک قانون بنانا پڑا کہ قرآن مجید میں جو غلطیاں ہوتی ہیں ان کو بھی تصحیح کرنے کا کیا طریقہ ہونا چاہیئے۔ تو یہ غلطیاں تو کتابت میں اور پرنٹنگ میں ہو ہی جاتی ہیں۔

مولانا کوثر نیازی : جناب والا! صرف یہ گزارش کروں گا کہ سینٹ کے اندر جو اس سلسلے میں شعبہ ہے اس میں ایک ایڈیٹر ہے۔ نہ ڈپٹی ایڈیٹر ہے نہ اسسٹنٹ ایڈیٹر ہے نہ اس شعبے میں کوئی پروف ریڈر ہے، آپ ازراہِ کرم اس کو مضبوط بنائیں۔

جناب چیئرمین : ایک "بیجا" سے "بجا" کرنے کے لئے سینٹ کے ایڈیٹر کی تعداد میں اضافہ نہیں ہو سکتا۔ unless it is justified

مولانا کوثر نیازی : وہ بیچارہ over burdoned ہوگا وہ بڑا قابل آدمی ہے میں سالوں سے اسے جانتا ہوں۔

جناب چیرمین : وہ ٹھیک ہے، ہم بھی جانتے ہیں ۔

مولانا کوثر نیازی : وہ بوڑھا آدمی ہے لیکن اگر اس پر آپ زیادہ بوجھ لادیں گے تو وہ پھر یہی کرے گا کہ " بجا "، کو " بیجا " کر دے گا ۔

جناب چیرمین : تو یہ جہاں تک سیکرٹریٹ کا تعلق ہے اگر آپ اس پر اصرار کریں گے تو مجھے رول آؤٹ کرنا پڑے گا ۔

مولانا کوثر نیازی : جناب مجھے تو غرض تصحیح نامے سے ہے، آپ نے فرما دیا، بس ٹھیک ہے ۔

جناب چیرمین : یہی تو میں عرض کرتا ہوں کہ اس پر سب ہاؤس کا وقت ضائع کرنے کی بجائے ہم آپس میں ہی اس کا فیصلہ کر لیتے ۔

مولانا کوثر نیازی : جناب " وقت ضائع کرنے " کے الفاظ بہت سخت ہیں ۔

جناب شاد محمد خان : جناب ممکن ہے انہوں نے صحیح نہ کیا ہو ۔

جناب چیرمین : ممکن ہے انہوں نے صحیح نہ بھی کیا ہو لیکن پرنٹنگ میں بھی غلطی ہو سکتی ہے میں یہ نہیں کہتا کہ انہوں نے غلطی نہیں کی، اور جو ان کا نکتہ ہے اس لحاظ سے صحیح ہے کہ یہ غلط چھپا ہے ۔ تحاریک التوا ، نمبر ۲، مولانا کوثر نیازی صاحب کے نام ہے ، جی مولانا صاحب ۔

مولانا کوثر نیازی : کیوں نہ جناب اسے بھی میں ملتوی کر دوں تاکہ ایوان ... (مداخلت)

جناب چیرمین : نہیں پھر ملتوی نہیں ہوگا، پھر ڈراپ ہوگا ۔

ADJOURNMENT MOTIONS

(i) *RE*: WRITING OFF OF LOANS ADVANCED TO INDUSTRIALISTS, AGRICULTURALISTS AND BUSINESSMEN

مولانا کوثر نیازی : اچھا، کیوں کہ آپ کی رولنگز کے لئے وقت بچ جائے روزنامہ جنگ لاہور نے اطلاع دی ہے کہ قومیائے گئے بینکوں نے ۱۹۸۵ء کے دوران جاگیرداروں، صنعت کاروں اور بڑے تاجروں سے وصول نہ ہونے والے قرضوں کی مد میں تقریباً ۷۵ کروڑ روپے کی رقم معاف کر دی ہے ، ان معاف کی جانے والی رقوم میں زرعی قرضہ جات کی تقریباً آدھی رقم شامل ہے ۔ بینکاری کے باخبر ذرائع کے مطابق ۱۹۸۵ء کی بینک بیلنس شیٹ میں معاف کی جانیوالی ان رقوم کی مالیت بھی ظاہر

نہیں کی گئی جبکہ اس وقت کے وزیر خزانہ ڈاکٹر محبوب الحق نے یہ اعلان کیا تھا کہ ان رقوم کو بیلنس شیٹ میں ظاہر کیا جائے گا یہ صورتحال افسوسناک ہے۔ لہٰذا میں تحریک کرتا ہوں کہ ایوان کی کارروائی روک کر اس مسئلے پر بحث کی جائے۔

جناب چیئرمین : کیا آپ اس کی مخالفت کر رہے ہیں، جناب اقبال احمد خان صاحب؟

جناب اقبال احمد خان : جی ہاں۔

جناب چیئرمین : آپ اس موشن کی وضاحت میں کچھ فرمانا چاہتے ہیں تو فرما دیں مولانا صاحب۔

مولانا کوثر نیازی : جناب والا! ۹ سال سے بڑی دھوم سے یہ اعلان اس ملک میں ہوتے رہے ہیں کہ اسلامی نظام ملک میں نافذ کر دیا گیا ہے اور خلافت راشدہ قائم ہو گئی ہے۔ لیکن عملاً حقیقت یہ تھی کہ سرمایہ دارانہ نظام تھا اور سرمایہ دارانہ نظام کی بوتل پر لیبل بدل دیا گیا لیکن اس کے اندر وہی مشروب سرمایہ داری کا رہا۔ اس سرمایہ دارانہ نظام کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ یہ haves کو اور سرمایہ دار کلاس کو ہمیشہ پروٹیکٹ کرتا ہے، ان کے سرمائے کا تحفظ کرتا ہے اور غریب کو نچوڑتا ہے۔ اس کیس میں بھی آپ یہ دیکھیں کہ ۷۰ کروڑ روپے کے قرضے جن لوگوں نے حاصل کئے وہ بڑے بڑے تاجر، بڑے بڑے جاگیردار، بڑے بڑے سرمایہ دار، بڑے بڑے صنعتکار لوگ تھے، لیکن ان کو قابل معافی قرار دے دیا گیا، درانحالیکہ میرے نوٹس میں ایسے غریب ملازمین ہیں جنہوں نے بنک سے معمولی قرض لیا۔ سالوں سے وہ سود کی رقم ادا کر رہے ہیں اور سود کی رقم وہ اصل قرضہ سے کہیں زیادہ دے چکے ہیں، اور اس پوزیشن میں نہیں ہیں، کہ وہ سود کی رقم بھی دے سکیں، وہ بنکوں کے پاس گئے ہیں کہ آپ کم سے کم سود معاف کر دیں اصل ہم دینے کو تیار ہیں، لیکن بنک نے انکار کر دیا، اور وزارت خزانہ تک کیس گئے ہیں انہوں نے بھی اس میں intervene کرنے سے انکار کر دیا ہے۔ لیکن اسلامی نظام کے زیر سایہ ۷۰ کروڑ روپے کے قرضے جو ہیں بیک قلم جاگیرداروں اور صنعتکاروں کے معاف کر دیئے گئے اور پھر یہ حکومت کہتی ہے کہ سیاسی رشوت پر ہم believe نہیں کرتے، ہم سیاسی تحفظ نہیں کرتے اور غلط طور پر ہم اپنے

لوگوں کو پروٹیکٹ نہیں کرتے - جناب والا! یہ صورتحال اس قوم کے ساتھ سخت مذاق ہے اور یہ بڑا اہم مسئلہ ہے اس لئے اس مسئلے پر اس ایوان میں ضرور بحث ہونی چاہیئے -

جناب چیئرمین : میرے خیال میں یہاں پر ایک اور نکتے کی بھی آپ وضاحت کر دیں، جہاں تک ۷۵ کروڑ روپے کی معافی کا تعلق ہے آپ جس موضوع پر بحث کرنا چاہتے ہیں یہ ۷۵ کروڑ ہے یا جیسے آپ نے اپنی تحریک میں کہا ہے بینکاری کے باخبر ذرائع کے مطابق ۱۹۸۵ء کی بیلنس شیٹ میں معاف کی جانے والی ان رقوم کی مالیت نہیں ظاہر کی گئی جبکہ اس وقت کے وزیر خزانہ ڈاکٹر محبوب الحق نے بیان دیا تھا، ان رقوم کو بیلنس شیٹ میں دکھایا جائے گا - تو تحریک کس بات پر ہے وہ معافی پر یا نہ دکھانے پر؟

مولانا کوثر نیازی : جناب میں ایوان کا وقت ضائع ہونے سے بچانے کے لئے اپنے دلائل کو طول دینا نہیں چاہتا -

جناب چیئرمین : اچھا، جناب اقبال احمد خان صاحب!

جناب اقبال احمد خان : جناب والا ٹیکنیکلی یہ ایڈجرنمنٹ موشن inadmissible ہے اس کے اندر کوئی specific issue raise نہیں کیا، بلکہ hypothetically خبر کا حوالہ دیا گیا ہے کہ بنکوں سے ۷۵ کروڑ روپے کے قرضے معاف کر دیئے گئے، specific and definite issue اس کے متعلق تفاصیل بھی دینی ضروری ہیں and the matter should be of recent occurrence and be raised at the earliest opportunity.

اب یہ نہیں علم کہ ان کے کہنے کے مطابق یہ قرضے معاف ہوئے، اور کب انہوں نے یہ موشن دی، اس لئے رولز ۷۱ کے تحت یہ inadmissible ہے ویسے اگر آپ حکم دیں تو میں ان کی تفصیل دینے کو تیار ہوں، کافی لمبی ہے - it will take sufficient time

ایک بات کی وضاحت میں کرنا چاہتا ہوں کہ جب سے ہم نے ملین کا استعمال کرنا شروع کیا ہے ہمیں اس بات کی سمجھ نہیں آتی، کہ کروڑ اور ملین میں کیا فرق ہے پہلے

میں اس بات کی وضاحت کرنا چاہتا ہوں کہ یہ رقم ۷۵ کروڑ روپیہ نہیں ہے بلکہ یہ ۷۵ ملین ہے اور شاید اس ملین کو کروڑ تصور کر لیا گیا ہے۔ جناب والا! آپ جانتے ہیں کہ جب بنکوں کے بہت سے قرضے ہوتے ہیں تو ان میں کئی وجوہات بھی ہوتی ہیں، جن کی بنیاد پر کچھ ایسے کیسز cases ہوتے ہیں جہاں سے recovery ممکن ہی نہیں ہوتی، کبھی کسی آدمی کا انتقال ہو گیا، کسی بزنس میں اتنا نقصان ہو گیا، کہ وہ دیوالیہ قرار دے دیا گیا، اس لئے بنک ہر سال اپنے اکاؤنٹس دیکھتے ہیں اور جن قرضوں کے متعلق یہ فیصلہ کرتے ہیں کہ ان کی واپسی ممکن نہیں ہے۔ وہ بجائے اس کے کہ ان کتابوں میں چڑھتے رہیں، اور ان کا حساب سالہا سال چلتا رہے، وہ ان کو write-off کر دیتے ہیں، اور یہ کسی ایک بنک کا نہیں ہے۔ اس میں جناب والا! یہ جو ۷۵ ملین ہے یہ پانچ بنکوں کے قرضے ہیں، جن کی رقومات تھوڑی تھوڑی ہیں، جیسے حبیب بنک میں نو ملین تھا، نیشنل بنک آف پاکستان میں ۱۲ ملین، یونائیٹڈ بنک میں ۱۸ ملین، مسلم کمرشل بنک میں ۶ ملین اور الائیڈ بنک میں ۳۲ ملین، اور اس میں کچھ قرضے ایگریکلچرل ایڈوانسز کے تھے، جو چھوٹے زمینداروں کو ادا کئے گئے تھے۔ اس لئے ان گزارشات کے ساتھ میں یہ عرض کروں گا کہ ان کیسز میں، اور دوسرے بہت سے کیسز میں جو barrowers تھے ان کا انتقال ہو گیا اور ان کی پیچھے کوئی جائیداد نہیں تھی اور recovery ممکن نہیں تھی اور کچھ کیسز میں بزنس میں اتنا نقصان ہو گیا، کہ ریکوری ممکن نہیں رہی، تو اس بنا پر یہ قرضے جو پانچ بنکوں کے ۷۵ ملین تھے جن کا میں نے ذکر کیا ہے وہ رائٹ آف ضرور کئے گئے ہیں۔ اگر آپ حکم دیتے ہیں تو میں ساری تفاصیل پڑھ دیتا ہوں یہ پانچ چھ صفحوں پر مشتمل ہے۔ ورنہ میں عرض کروں گا کہ ٹیکنیکلی یہ maintainable نہیں ہے۔ اسے inadmissible قرار دیا جائے۔

جناب چیئرمین: کیا یہ وضاحت کر سکتے ہیں کہ کس عرصے میں ہوئے، اور کیٹگری وائز کے کتنے ایگریکلچرسٹ تھے، کتنے انڈسٹریلسٹ تھے؟

جناب اقبال احمد خان: اس میں جناب! دس ملین تو ایگریکلچرل کے ہیں، اور ۱۹۸۵ء میں ان کا رائٹ آف ہوا ہے اور یہ قرضے کب لئے گئے۔ اس کی تفصیل میرے پاس

نہیں ہے لیکن فیصلہ ۱۹۸۵ء میں ہوا ہے اور اس میں یہ رقم ۱۰٫۴۸ ملین ایگریکلچرل سیکٹر سے تعلق رکھتی ہے اور ان کی بنک وائز تفصیل میرے پاس ہے کہ کن کن بنکوں کے تھے حبیب بنک میں ۱٫۹۵۷ ملین، نیشنل بنک پاکستان ۰٫۵۴۳ ملین، یونائیٹڈ بنک ۱٫۳۱۰ ملین، مسلم کمرشل بنک ۴٫۳۹۲ ملین اور الائیڈ بنک ۲٫۷۵۵ ملین، یہ ٹوٹل ۱۰٫۴۶۷ ملین، اتنی تفصیل میرے پاس ہے۔

جناب چیئرمین: جہاں تک اس تحریک کا تعلق ہے بنکینگ انڈسٹری میں رائٹنگ آف لون ایک سٹینڈرڈ پروسیجر ہے اس کے لئے منافع سے ایک مخصوص رقم ہر سال بیلنس شیٹ میں bad and doubtful debts جو کھولتے ہیں ان کے لئے مختص کی جاتی ہے اس کے لئے سٹیٹ بنک کے special funds ہیں وہ بیلنس شیٹ میں نہیں دکھائے جاتے کہ کون سے قرضے معاف ہوئے اور کون سے قرضے معاف نہیں ہوئے، ان کو ایک علیحدہ اکاؤنٹ میں ڈیل کیا جاتا ہے تو یہ ایک ایسا واقعہ نہیں ہے جو suddenly emerge ہوا ہے۔ جو ایڈجرنمنٹ موشن کا سبجیکٹ بن سکتا ہے۔ باقی بنکوں کے بھی آڈٹ ہوتے ہیں، حکومت کی بھی آڈٹ ہوتی ہے۔ اگر کوئی آڈٹ رپورٹس میں irregularity ہوئی ہے تو وہ پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے سامنے بھی آسکتی ہے۔ آڈٹ رپورٹس میں بھی جو باقاعدہ پبلش ہوتے ہیں اس کا ذکر آسکتا ہے تو یہ ایڈجرنمنٹ موشن کا موضوع نہیں بن سکتا، اور اگر پبلک اکاؤنٹس سے کوئی audit report ہو سکتی ہے کہ آئے تو پھر وہ اس وقت دیکھا جائے گا۔ It is ruled out of order. تو اگلی میرے خیال میں تحریک نمبر ۲۹ ہے

(ii) *RE*: BOMB BLAST AT QISSA KHAWANI BAZAR PESHAWAR

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ روزنامہ "جسارت" کراچی میں یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ پشاور میں بڑے بازار قصہ خوانی میں بم کے خوفناک دھماکے سے چار افراد شہید ہوگئے۔ ۱۳۰ افراد زخمی ہوئے، ارد گرد کی عمارتوں کو شدید نقصان ہوا۔ ایوان اس اہم اور فوری نوعیت کے مسئلے پر غور کرے۔ ملک میں امن و امان کی صورتحال بڑی تیزی

کے ساتھ خراب ہونے کا مزید اندیشہ ہے لہذا شہریوں کے تحفظ کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس پر غور کیا جائے۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں ایک دوسری بھی اسی مضمون پر ہے اس کو بھی پڑھ دیں تو دونوں اکٹھی ہو جائیں گی تو دوسری نمبر ۳۰ ہے۔

(iii) *RE*: BOMB EXPLOSION IN KHYBER MAIL AT PESHAWAR NOWSHERA SECTION

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ روزنامہ "جسارت" کراچی میں مورخہ ۷ ار جون ۱۹۸۶ ر کو یہ خبر شائع ہوئی ہے کہ پشاور میں خیبر میل کو بم سے اڑا دیا گیا۔ چھ بوگیاں تباہ ایک شہری شہید، ۴۵ زخمی۔ اس حادثے میں ۷۵ مسافروں میں خواتین اور بچے بھی شامل تھے۔ جائے حادثہ کے قریب کھیت سے ۲۰۰ گز تار ملا، بیٹری نہیں ملی اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ ملک میں تخریب کاروں کے ایک منظم گروہ نے کام شروع کر دیا ہے جس کا تدارک حکومت کرنے میں ناکام رہی ہے۔ لہذا اس معزز ایوان میں فوری طور پر غور کیا جائے۔

جناب چیئرمین: اقبال احمد خان صاحب!

جناب اقبال احمد خان: جناب والا! یہ دونوں تحاریک التوا جو انہوں نے پیش کی ہیں ان کا تعلق صوبائی حکومت سے ہے۔ جہاں تک ان کی تحریک التوا نمبر ۳۰ کا تعلق ہے اس کے متعلق تو ہم صوبائی حکومت سے رپورٹ ابھی تک طلب نہیں کر سکے لیکن دوسری تحریک کے متعلق رپورٹ ہم نے صوبائی حکومت سے منگوائی ہے اگر یہ جاننا پسند فرمائیں تو وہ میں پیش کر دیتا ہوں۔ ویسے یہ دونوں تحاریک صوبائی حکومت سے تعلق رکھتی ہیں کیونکہ لاء اینڈ آرڈر کا محکمہ صوبائی سبجیکٹ ہے۔ آرٹیکل نمبر ۷۰ کلاز نمبر ۴ کے تحت ... (مداخلت)

جناب چیئرمین: مختصراً آپ فرما دیں ممکن ہے کہ وہ پھر اصرار نہ کریں۔

جناب اقبال احمد خان: جناب فرنٹیئر گورنمنٹ کی رپورٹ جو آئی ہے وہ پیش کرتا ہوں۔

Sir, it is reported by the provincial Government that on 7th June, 1986 at about 1520 hours, an explosion took place in the busy bazar of

Qissa Khawani Peshawar one Suzuki pick up was blasted, presumably the explosive was planted in that vehicle. Another Suzuki car when parked near the said vehicle was also badly damaged while two other vehicles were also effected. Five persons including a minor girl were killed on the spot, while 55 persons sustained injuries of different nature. Among the five deceased persons, four have been identified as Pakistanis while the fifth has not yet been identified. A large number of suspects who have reportedly some links with the anti-social elements were subjected to interrogation. The investigation of the sabotaged anti-state activities are being conducted by a special investigation team comprising of experienced and seasoned Police officers under the direct supervision of the AIG of Police Crimes Branch, Peshawar.

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جناب چیئرمین ! محترم وزیر صاحب نے یہ فرمایا ہے کہ کہ یہ صوبائی مسئلہ ہے تو سوال یہ ہے کہ اس پاکستان کی حفاظت کرنا ہر شہری کا فرض ہے، اور یہ صرف صوبائی مسئلہ نہیں ہے بلکہ یہ دن دھاڑے اس ملک پر حملہ آور ہوتے ہیں اور کہیں شہریوں کی جان، عزت و آبرو محفوظ نہیں ہے اور کہیں اگر سفر کرتے ہیں تو وہ بوگیاں بھی محفوظ نہیں ہیں۔ انسان اب سوچتا ہے کہ گاڑی میں میرا سفر محفوظ نہیں ہے۔ اور اگر میں بازار میں سودا وغیرہ خریدنے جاتا ہوں تو وہاں بھی میں محفوظ نہیں ہوں۔ تو اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ پاکستان کے شہری کہاں جائیں اور کس ملک میں پناہ لیں۔ تو یہ جو صوبائی مسئلے کا سہارا لینا ہے تو آپ اپنے حلقے میں بیٹھے رہیں اس لئے کہ وہاں سے ہم نمائندے آئے ہیں اور اس ایوان میں ہم یہ حق رکھتے ہیں کہ ہم عوام کے مسائل بتائیں اور پیش کریں یہ ہمارا قانونی، اخلاقی اور شرعی نقطۂ نگاہ سے حق بنتا ہے کہ اس کا اظہار کریں۔ یہ صوبائی مسئلہ کہہ کر ایک سہارا آپ لیتے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ یہ صوبائی مسئلہ نہیں ہے، مرکزی مسئلہ ہے۔

جناب چیئرمین : جناب اقبال احمد خان۔

جناب اقبال احمد خان : جناب والا ! اس سلسلے میں ہمیں سب کو بجا طور پر تشویش ہے اور شہریوں کی جان و مال کی حفاظت حکومت کا فرض ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں ضروری اقدامات کئے جا رہے ہیں اور صوبائی حکومتوں نے اس سلسلے میں خصوصی سکواڈ مقرر کئے ہیں کہ تخریب کاری اور ایسی کارروائیوں کا قلع قمع کیا جائے اور

کافی حد تک اس میں کامیابی بھی ہوئی ہے۔ آپ کے علم میں یہ بات آئی ہوگی کہ بہت سے آدمیوں کو فرنٹیئر میں پکڑا گیا ہے۔

جہاں تک ریلوے سفر کی بات ہے۔ اس سلسلے میں ریلوے کے سفر کو محفوظ بنانے کے لئے بہت سے اقدامات ہم نے کئے ہیں۔ پاکستان ریلوے نے مین لائن کی ریل پٹڑیوں پر بشمول پشاور اور اٹک سٹی سیکشن پر دن رات گشتی ٹیمیں مقرر کر رکھی ہیں۔ دن کے وقت ایک آدمی اور رات کو تقریباً دو آدمی، ۵ سے ۶ کلومیٹر تک ریلوے پٹڑی پر گشت کرتے ہیں۔ گشتی پارٹی کو بوقت ضرورت پٹڑی کی حفاظت پر گاڑی روکنے کے لئے ضروری سامان مہیا کیا گیا ہے۔ اس انتظام کی وجہ سے گاڑی کو نقصان پہنچانے اور ریل کی پٹڑی کو تباہ کرنے کے کئی واقعات ۱۹۷۷ء کے ہنگامی دور میں اور ایم آر ڈی کے تحت ۱۹۸۴ء میں مہم چلانے کے دوران معلوم کئے گئے تھے۔

وہ حادثہ جو تحریک التوا میں بیان کیا گیا ہے وہ پل نمبر ۳۱۳ جو چالیس فٹ کے تین پشتوں پر مشتمل ہے اور ۱۶۶۰ کلومیٹر پر واقع ہے، رونما ہوا۔ نیز یہ پل پشاور، راولپنڈی مین لائن سیکشن پر واقع ہے۔ جائے حادثہ پر گشتی ٹیم کی حد ۶ کلومیٹر ہے۔ یہ گشتی ٹیمیں ایک جگہ پر مقرر نہیں ہیں بلکہ اپنی مقررہ حد سے دوسری جانب تک گشت کرتی رہتی ہیں۔ لہٰذا تخریب کار رات کی تاریکی سے فائدہ اٹھا کر پل کے نیچے دھماکہ کرنے والا مواد رکھنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں۔ تخریب کاروں نے عین اس وقت جب ریل پل سے گزر رہی تھی تو پل کو دھماکے کے ساتھ اڑا دیا تھا۔ یہ مواد کچھ فاصلے پر تاروں سے جوڑا گیا تھا۔ اور خیبر میل پبی ریلوے سٹیشن سے رات کے ½ ۱۰ بجے گزرتی ہے۔ اس سلسلے میں یہ میں نے پہلے واقعہ کے متعلق عرض کیا ہے کہ وہاں یہ انتظامات کئے گئے ہیں۔ اب اسی قسم کے انتظامات ہم ہر جگہ کر رہے ہیں اور اس بات کی کوشش کی جا رہی ہے کہ ریلوے لائن کو ہر طریقے سے دن رات محفوظ کیا جائے اور اس کی نگہداشت سختی سے کی جائے۔ جو عملہ مقرر کیا گیا ہے انہیں مکمل ساز و سامان سے بھی لیس کیا گیا

ہے اور اس بات کا بھی انتظام کیا گیا ہے کہ اگر ہنگامی طور پر انہیں کسی امداد کی ضرورت پڑ گئی ہے تو فوراً ان کو امداد مہیا ہو سکے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین : میرے خیال میں یہ معاملہ پچھلے دنوں میں سامنے آیا تھا اور اسی طریقے سے ہی ایک تحریک پیش ہوئی تھی۔ اس وقت بھی میں اقبال احمد خان سے اتفاق کرتا ہوں کہ یہ معاملہ صوبائی ہے لیکن اس میں بھی شک نہیں ہے کہ یہ جو بم بلاسٹ ہو رہے ہیں اس کی وجہ سے تمام ملک میں تشویش پائی جاتی ہے اور اس کے لیے میں نے عرض کیا تھا کہ اگر ممبران کو کوئی ایسا موقع فراہم کیا جائے کہ اس پر بحث ہو سکے تاکہ ایڈجرنمنٹ موشنز کی ضرورت نہ پڑے۔ آپ نے اس وقت ارشاد فرمایا تھا کہ جونہی وزیر داخلہ tour سے واپس آتے ہیں تو آپ ان سے صلاح مشورے کے بعد کوئی دن ایسا تجویز کریں گے کہ جس پر سب معاملے پہ یہاں بحث ہو سکے۔ تو اگر یہ صورتحال اب بھی ہے تو ممکن ہے کہ میرداد خیل صاحب پریس نہ کریں۔

جناب اقبال احمد خان : جی اس کی بالکل تعمیل ارشاد ہوگی، وزیر داخلہ جونہی تشریف لاتے ہیں، تو ان سے مشورہ کرنے کے بعد ایوان کو اس بات کا موقع ضرور فراہم کیا جائے گا۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل : جی اسی کو ملتوی کر کے اسی کو بحث کا موضوع بنا دیا جائے۔ تاکہ ہر ایک کو یہ حق ہو کہ اس پر تقریر کرے۔

جناب چیئرمین : یہ اس فارم میں ایڈمسبل نہیں ہے۔ یہی میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ میری مجبوری بھی ہے۔ رولز کے مطابق جو فیصلہ ہے وہی کرنا پڑتا ہے۔
اگلی موشن ابھی پانچ منٹ ہیں اگر لینا چاہتے ہیں۔ جناب قاضی حسین احمد صاحب نمبر ۳۱۔

(iv) *RE*: INTERROGATION OF AFGHAN REFUGEES CONCERNING THEIR INVOLVEMENT IN THE RECENT BOMB BLASTS

قاضی حسین احمد : پشاور اور صوبہ سرحد کے دوسرے حصوں میں افغان مہاجرین کو بڑے پیمانے پر ہراساں کیا جا رہا ہے جس کی وجہ سے خیرسگالی کا جو جذبہ پاکستان

اور افغانستان کے عوام کے سالہا سال تک ایثار اور قربانی کے نتیجے میں پیدا ہوا ہے حکومت اور انتظامیہ کی نا عاقبت اندیشی کی وجہ سے مجروح ہو رہا ہے۔ یکم جولائی کی اخباری اطلاع کے مطابق ۶ ہزار افغان مہاجرین کو پوچھ گچھ کے لئے حراست میں لیا گیا جبکہ پشاور شہر میں یہ خبر بھی گشت کر رہی ہے کہ کئی افغان مہاجر حوالات میں گھٹن کی وجہ سے فوت ہو گئے ہیں۔ اس پوچھ گچھ کے نتیجے میں کوئی افغان مہاجر بم کے دھماکوں میں ملوث نہیں پایا گیا۔ جس سے یہ ثابت ہو گیا ہے کہ یہ پوچھ گچھ قطعاً بلا جواز تھی۔ افغان مہاجرین میں، بے چینی ایک ایسا اہم مسئلہ ہے جو ایوان کے فوری غور و خوض کا متقاضی ہے۔ لہٰذا معمول کی کارروائی روک کر اس پر بحث کی جائے۔

Mr. Chairman: Is it being opposed?

سید قاسم شاہ: جی ہاں!

جناب چیئرمین: قاضی صاحب! آپ ذرا وضاحت کر دیں۔

قاضی حسین احمد: جناب والا! حکومت کا یہ موقف ہے کہ اس نے انسانی ہمدردی کی بنیاد پر افغان مہاجرین کو پناہ دی ہے۔ افغان مہاجرین اپنی خوشی سے، اپنی مرضی سے یہاں نہیں آئے۔ ان کو سخت ترین مظالم کا نشانہ بنا کر یہاں پاکستان کی طرف دھکیل دیا گیا ہے اور یہاں آنے پر مجبور کر دیا گیا ہے۔ ہمارے بارڈر ایسے ہیں کہ اس طرف بھی تقریباً وہی قبائل آباد ہیں جو اس طرف ہیں اور ہمارے لئے ممکن نہیں ہے کہ جب وہ ظلم کا شکار ہو جائیں اور لٹ پٹ کر یہاں آ جائیں، زخمی حالت میں یہاں آنے لگیں، بے سروسامانی کی حالت میں یہاں آنے لگیں تو ان کا راستہ روکیں۔ اس طریقے سے یہ لوگ آ گئے ہیں۔ مجبوری کی بنا پر وہ یہاں عارضی طور پر آباد ہو گئے ہیں۔ شہروں میں، گلی کوچوں میں لوگوں نے انہیں جگہ دی، مساجد میں بھی ان کو جگہ دی۔ اب روسی ایجنٹوں نے جو خود پاکستان کے اندر بڑی تعداد میں موجود ہیں اور جن کی اس ملک میں کوئی کمی نہیں ہے اور جو پہلے سے بموں کے دھماکوں میں ملوث ہیں۔ ۱۹۶۱ء میں انہوں نے دھماکے کئے تھے۔ ۷۳-۱۹۷۲ء بلکہ ۱۹۷۵ء تک انہوں نے دھماکے کئے تھے۔ اب پھر وہی کر رہے ہیں، اور وہ اس میں ملوث بھی پائے گئے ہیں

اور پکڑے بھی گئے ہیں۔ ان کے خلاف ثبوت بھی موجود ہے۔ انہوں نے اسی غرض کے لئے دھماکے کئے تھے کہ اس کا الزام افغان مہاجرین کے سر تھوپ دیا جائے۔ حالانکہ جناب چیئرمین! کوئی بھی آدمی نہیں سمجھ سکتا کہ کوئی آدمی اپنی جائے پناہ اس طریقے سے ختم کرے گا اور اسے بم کے دھماکے سے اڑائے گا ایک جگہ سے وہ لٹ پٹ کر آئے ہیں اور دوسری جگہ انہیں عارضی جائے پناہ ملی ہے۔ یہ عارضی جائے پناہ انہیں اپنے گھر سے بھی زیادہ عزیز ہے۔ اس بارے میں شبہ بھی نہیں ہو سکتا کہ وہ اس میں ملوث ہو سکتے ہیں۔

یہ جو لوگ کہتے ہیں کہ افغان مہاجرین کے اندر وہاں کے ایجنٹوں کو پناہ ملتی ہے۔ یہ ایسی بات ہے کہ جیسے کوئی یہ کہے کہ پاکستان کا کوئی آدمی افغانستان کے اندر تخریب کے لئے بھیجا جائے اور اسے اجمل خٹک کے ہاں پناہ ملے گی۔ اجمل خٹک جو یہاں سے گیا ہے۔ اس کے پاس کبھی ایسے آدمی کو پناہ نہیں ملے گی جو افغانستان کے خلاف گیا ہو۔ اسی طرح پاکستان کے خلاف جو بھی وہاں سے بھیجا جائے گا اس کو کوئی افغان مہاجر پناہ نہیں دے سکتا کیونکہ وہ اس کو جانتا ہے کہ وہ اس کا مخالف ہے اور اس کی وجہ سے وہ یہاں آیا ہے اور ملک بدر ہونے پر اسے مجبور ہونا پڑا ہے۔ اس لئے افغان مہاجرین کو خالص دشمنانِ ملک، دشمنانِ دین کے اشارے پر اور ان کی سازش پر نشانہ بنایا گیا ہے اور ان میں بے چینی اس لئے پیدا کی گئی ہے کہ جو خیر سگالی کا جذبہ پیدا ہوا ہے، جو مقامی اور مہاجر کے درمیان اخوت اور برادری کے جذبات ہیں ان کو مجروح کر دیا جائے اور ان پر اتنا ظلم ہوا ہے کہ چھ ہزار کی تعداد میں جناب والا! پشاور کی حوالاتوں میں جہاں اتنی جگہ نہیں ہے، ان کو ٹھونسا گیا ہے۔ اور ان کا خون اتنا ارزاں ہو گیا ہے کہ ان میں سے لوگ گھٹن کی وجہ سے مر گئے ہیں اور ان مرے ہوئے لوگوں کو غائب کر دیا گیا ہے۔ ان کا ہدف یہ ہے کہ افغان مہاجرین میں اس سطح پر بے اطمینانی اور بے چینی پیدا کی جائے کہ وہ یہاں پولیس سے کشمکش شروع کر دیں۔ پولیس سے کشمکش شروع کرنے کے بعد یہاں دوسرے لوگوں کو یہ کہنے کا موقع مل جائے کہ دیکھئے ہم نہ کہتے تھے کہ یہ تمہارے لئے بیروت بنے گا اور تمہارے لئے لبنان بنے گا اور پی ایل او بنے گا۔

[Qazi Hussain Ahmad]

افغان مہاجرین نے صبر سے کام لیا ہے - انتہائی حوصلے سے کام لیا ہے۔ منظم ہونے کے باوجود انہوں نے کوئی ایسی حرکت نہیں کی کہ جو یہاں کی انتظامیہ کے لئے امن و امان کا مسئلہ بن جائے - ہمیں ان کے صبر اور حوصلے کی قدر کرنی چاہیئے اور انتظامیہ کو ایسے اقدامات نہیں کرنے چاہیئں کہ سالہا سال کی قربانیوں کے نتیجے میں ہمارے اور ان کے درمیان ایک ایسا رشتہ قائم ہو گیا ہے کہ انشاء اللہ افغانستان اور پاکستان یک جان دو قالب ہوں گے - اور یہ ایک قوم بنے گی۔ اس کے نتیجے میں ہمیں جو انعام ملا ہے ہمیں اس کی ناشکری نہیں کرنی چاہیئے اور ان لوگوں کو اس طرح سے تنگ نہیں کرنا چاہیئے۔ ایک طرف ہم کہتے ہیں کہ ہم نے ان کو انسانی بنیادوں پر پناہ دی اور دوسری طرف جن کو پناہ دی ان کو ہم نے بلیک ہولز میں دبا کر گھٹن اور حبس سے مارنا شروع کر دیا۔ اس کا نتیجہ یہی نکلے گا کہ افغانستان کی موجودہ حکومت بار بار اب وارننگ دے رہی ہے کہ ہمارے شہریوں کے ساتھ زیادتی مت کرو۔ اور ریڈیو کابل اور ریڈیو ماسکو اس کو اچھال رہا ہے۔ اور ریڈیو کابل اور ماسکو اس سے فائدہ اٹھانے کی کوشش کر رہا ہے۔ لہذا دشمن کو پروپیگنڈا کا موقع دینے کی اجازت نہیں ملنی چاہیئے۔

جناب چیئرمین : جناب سید صاحب !

سید قاسم شاہ : جناب والا ! اس سلسلے میں جیسے قاضی حسین احمد صاحب نے کہا۔ اگر کہا جائے تو بہت کچھ کہا جا سکتا ہے یہ بڑا حساس مسئلہ ہے۔ تیس لاکھ افغان مہاجرین کے لئے پاکستان کی اس حکومت نے بڑے اعلیٰ انتظامات سے رکھے ہوئے ہیں - ان کا یہ فرمانا کہ حکومت کی یہ ناعاقبت اندیشی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ بڑی زیادتی ہے۔ ابھی ان سے پہلے ان کے بھائی جناب عبدالرحیم میرداد خیل صاحب کی ایک تحریک التوا آپ نے ختم کی ہے جو اسی سلسلے میں تھی کہ بم کے دھماکے ہو رہے ہیں۔ کافی حالات یہاں خراب ہو رہے ہیں جس کی بنا پر حکومت کو مختلف طریقے سے ایکشن لینے پڑتے ہیں لیکن اس تحریک التوا کے بارے میں بالکل اختصار کے ساتھ عرض کروں گا کہ ان کی تحریک التوا صرف اخباری اطلاع پر مبنی ہے اور اس میں بھی اخبار نے آگے چل کر یہ لکھا ہے کہ کوئی ایسی موت واقع نہیں ہوئی - اخبار "مسلم" کا ایک تراشا میرے پاس موجود ہے جس میں یہ

واضح کیا گیا ہے لیکن میں یہ بتانا چاہتا ہوں کہ یہ خبر کہ چھ ہزار افغان مہاجرین بم کے دھماکوں کے سلسلہ میں پوچھ گچھ کے لئے پکڑے گئے، دراصل مبالغہ آمیز ہے۔ صوبائی حکومت نے بتایا ہے کہ چند افغان مہاجرین اور مقامی مشتبہ لوگوں کو شامل تفتیش کیا گیا تھا۔ لیکن انہیں ضروری پوچھ گچھ کے بعد چھوڑ دیا گیا۔ صوبائی حکومت نے یہ بھی بتایا ہے کہ کسی افغان مہاجر کی حراست یا پوچھ گچھ کے دوران موت واقع نہیں ہوئی اور نہ ہی انہیں ہراساں کیا گیا ہے۔ یہ خبر بے بنیاد اور شر انگیز ہے۔ صوبائی حکومت نے یہ بھی بتایا ہے کہ اس سلسلے میں افغان مہاجر لیڈروں سے بھی بات چیت کی گئی ہے اور انہیں اعتماد میں لیا گیا ہے۔ اس لئے جناب والا! مجھے یقین ہے کہ میری اس وضاحت کے بعد معزز سینیٹر اسے پریس نہیں کریں گے۔

جناب چیئرمین: قاضی حسین احمد۔

قاضی حسین احمد: جناب والا! انہوں نے اس بات کا انکار کیا ہے کہ ہزاروں کی تعداد میں ان کو پوچھ گچھ کے لئے بند کیا گیا اور ~~ان~~ سے موت واقع ہوگئی۔ میرے پاس ایسے شواہد موجود ہیں۔ میں صرف اخباری خبر کی بنیاد پر نہیں کہہ رہا۔ میں نے پہلے ہی کہا تھا کہ پولیس نے چھپا دیا ہے ان کو، اور افغانوں کا خون اتنا ارزاں ہو گیا ہے۔ اتنا سستا ہو گیا کہ وہاں روسی ان کو مار رہے ہیں اور یہاں وہ زندہ غائب کر دیئے جاتے ہیں۔ اس لئے میں اپنی تحریک التوا کو واپس نہیں لوں گا اور نہ یہ صوبائی مسئلہ ہے، نہ ہی یہ پرانا مسئلہ ہے۔ یہ مسلسل چلا آرہا ہے۔ میں آپ سے گزارش کروں گا کہ ایک تحریک التوا تو منظور کریں۔ آپ کے دفتر سے بھی میرے پاس ایک پورا بنڈل واپس آگیا ہے جس کو آپ نے اس قابل بھی نہیں سمجھا کہ یہاں اس کو پڑھ کر سنایا جائے۔

جناب چیئرمین: اس کے متعلق اگر کوئی شکایت ہے تو آپ ضرور میرے چیمبر میں تشریف لائیں۔ میں وضاحت سے ہر ایک کے متعلق بتاؤں گا کہ یہ کن وجوہات کی بنا پر ہو سکتا تھا یا نہیں ہو سکتا تھا۔ جہاں تک اس موشن کا تعلق ہے، دو چیزیں سامنے آئی ہیں ایک تو یہ ہے کہ ٹھیک ہے مہاجر افغانستان سے آئے ہوتے ہیں، ہمارے مہمان ہیں لیکن ان کے امن و امان کا جہاں تک سوال ہے اس سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ یہ صوبائی معاملہ ہے اور اگر صوبہ کہتا ہے کہ یہ مبالغہ آمیز ہے تو موشن ایڈمیسبل

نہیں ہوگا لہذا یہ رولڈ آؤٹ آف آرڈر ہے اور تحریک التوا کا وقت بھی
ختم ہو چکا ہے۔

We come to the regular agenda. Mr. Iqbal Ahmad Khan has to lay certain papers, I think.

THE HOUSES OF PARLIAMENT AND PROVINCIAL ASSEMBLIES (ELECTIONS) (AMENDMENT) ORDINANCE, 1986

Mr. Iqbal Ahmad Khan: Mr. Chairman Sir, with your kind permission I lay before the Senate of the Houses of Parliament and provincial Assemblies (elections) (amendment) Ordinance, 1986, as required by Clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, 1973.

Mr. Chairman: The Houses of Parliament and provincial Assemblies (elections) (amendment) Ordinance, 1986, is laid on the Table of the House as required by clause (2) of Article 89 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan.

Next Mr. Hassan A. Shaikh.

REPORT ON THE BILL FURTHER TO AMEND THE SENATE (ELECTION) ACT, 1975—PRESENTED

Mr. Hassan A. Shaikh: Sir, I beg to present report of the Standing Committee on the Bill further to amend the Senate (Election) Act, 1975. The Senate (Election) (Amendment) Bill, 1986.

Mr. Chairman: The Standing Committee report on the Bill further to amend the Senate (Election) Act, 1975 to be known the Senate (Election) (Amendment) Bill, 1986 has been presented by the Chairman of the standing committee, Mr. Hassan A. Shaikh.

POINT OF ORDER REGARDING PLACEMENT OF A COPY OF ORDINANCE IN THE HOUSE

Mr. Chairman: There was a point of order with regard to the motion moved by Mr. Iqbal Ahmad Khan on the previous occasion raised by Senator Wasim Sajjad and on that I had requested the Attorney General as well as the Minister for Justice and Parliamentary Affairs to inform the House of their considered views. The point of order raised was a note to...........*(interruption)*.

Mr. Wasim Sajjad: I just restate the point of order Sir.

Mr. Chairman: Please, I can do that if you, wish so I have got it in writing.

Mr. Wasim Sajjad: Please.

Mr. Chairman: The point of order was that, (let me put it in) the words of Mr. Wasim Sajjad as recorded by the Secretariat);

"This is an important point again which concerns the rights and privileges of this House. The matter before this House is an Ordinance which was promulgated by the President under Article 89(1) of the Constitution. Article 89(1) says that:

'The President may, except when the National Assembly is in session, if satisfied that circumstances exist which render it necessary to take immediate action, make and promulgate an Ordinance as the circumstances may require.

Then Article 89(2)(a) says that an Ordinance shall be laid—

(i) 'before the National Assembly if it contains matters relating to finance etc. and before both Houses ......'

this is now

(ii) 'before both Houses if it does not contain provisions dealing with any of the matters referred to in sub-paragraph (i), and shall stand repealed at the expiration of four months from its promulgation or, if before the expiration of that period a resolution disapproving it is passed by either House, upon the passing of that resolution.'

Then Mr. Wasim Sajjad goes on to say that:

"It is clear Sir, that an Ordinance is a different kind of legislation".

When an Ordinance is issued, it has to be laid in the form of an Ordinance before both the Houses. If both Houses are in session it will be placed immediately if one of the House is called later then as soon as it is called, the Ordinance has to be placed in the form of an Ordinance before that House and your honour will see that the House has been given a certain power that at the moment it is laid before the

[Mr. Waseem Sajjad]

House, discussion can be started and the House can say we disapprove it and the matter will end. Now this power of giving its option approving or disapproving the Ordinance as an Ordinance has been denied to this House because it was not laid before the Senate in the form of an Ordinance. It was laid in the form of a Bill. Under sub-article (3) of A²ticle 89, it says:

> 'Without prejudice to the provisions of cluase (2), an Ordinance laid before the National Assembly shall be deemed to be a Bill."

Then he goes on to say that:

> "It has come to us in the form of a Bill. It should have come to us immediately when the Senate was called to session in the form of an Ordinance. If it had come at that stage the Senate would have been in a position to consider that and if necessary either pass a resolution or not pass a resolution. Now it has come to us in a different form. It has come to us in the form of a Bill transmitted to the Senate. It is a different situation altogether."

And further:

> "Now it is for you Sir, as the guardian of the Rules of Procedure in the eyes of this House to decide whether in this form the House can debate this or not, I think Sir, that a serious procedural matter has been violated, the Constitution has been violated and in this form in which it is being presented, it is a violation of Article 89 (2) (a) (ii) of the Constitution."

This was the point of order which has been stated in the words of Mr. Wasim Sajjad.

پروفیسر خورشید احمد: جناب والا! شاید آپ کو یاد ہو کہ میں نے مسٹر وسیم سجاد کے پوائنٹ کی وضاحت کرتے ہوئے، اس میں ایک اور نکتہ کا اضافہ کیا تھا۔

جناب چیئرمین: جی فرمایئے۔

پروفیسر خورشید احمد: وہ نکتہ یہ تھا کہ پہلی بات تو یہ ہے کہ اس کو آرڈیننس کے طور پر یہاں آنا چاہیئے تھا اور یہ نہیں آیا، اس لئے یہ غلطی ہوئی ہے، دوسری بات میں نے آپ کے سامنے یہ رکھی تھی کہ اس پر بھی غور کیا جائے کہ اگر پارلیمنٹ کے سامنے ایسے آرڈیننس صحیح وقت کے اوپر lay نہ کئے جائیں تو اس کے نتیجے کے طور پر وہ

آپ سے آپ ختم ہو جاتے ہیں۔ میرا مدعا یہ تھا کہ ایک آرڈیننس کے ختم ہونے کی تین شکلیں ہیں ایک شکل یہ ہے کہ اگر ایک آرڈیننس چار ماہ سے نافذ کیا گیا ہے تو وہ اس صورت میں ختم ہو جائے گا، اگر اس چار ماہ کے عرصہ کے دوران پارلیمنٹ کا اجلاس نہیں ہوتا، صرف وقت کا گزرنا ہی اسے ختم کر دے گا۔

دوسری شکل دستور میں یہ رکھی گئی ہے کہ اس چار مہینے کے اندر پارلیمنٹ کا اجلاس ہو جائے اور اگر یہ آرٹیکل ۸۹ (۲) سے تعلق رکھتا ہے جس کے مطابق اسے دونوں ایوانوں میں پیش ہونا ہے، تو اس صورت میں دونوں ایوانوں میں lay کر دیا جائے اور کسی ایک ہاؤس میں بھی اگر ایک ریزولیوشن آ جائے کہ ہم اسے قبول نہیں کرتے تو اس صورت میں بھی یہ آپ سے آپ ختم ہو جائے گا۔

تیسری چیز میں نے آپ کے سامنے یہ رکھی تھی کہ اگر ایوان کا اجلاس شروع ہوتے ہی lay نہ کیا جائے بلکہ اس میں تاخیر کر دی جائے تو اس تاخیر کی بنا پر بھی یہ آپ سے آپ ختم ہو جائے گا اور اس سلسلے میں، میں نے بروہی صاحب کا حوالہ دیا تھا Fundamental Law of Pakistan کی کتاب سے، اور اس بات کی میں نے وضاحت کی تھی کہ ۱۹۵۶ء کے آئین میں گو lapse کی جو مدت تھی، اسمبلی میں پیش کرنے کے بعد سے وہ چھ ہفتے تھی، لیکن یہ immaterial ہے یہ چونکہ temporary legislation نوعیت کی چیز ہے۔ اصل چیز یہ ہے کہ اگر اجلاس منعقد ہو جاتا ہے تو اسے پہلے ہی موقع پر لازماً lay کرنا چاہیئے اور اگر lay نہیں کیا جاتا تو محض یہ لیٹ بھی آرڈیننس کو ختم کر دیتی ہے۔ اور یہ حوالہ بھی غالباً صفحہ ۱۹۸ سے میں میں نے آپ کے سامنے پیش کیا تھا۔ یہ تین طریقے ہیں جن سے آرڈیننس ختم ہو سکتا ہے۔ اس لئے چونکہ دوسرا معاملہ نہیں ہوا ہے، نہ یہ نیشنل اسمبلی میں lay ہوا ہے اور نہ ہی سینیٹ میں lay ہوا ہے اس لئے صرف اس بنا پر کہ یہ بروقت lay نہیں کیا گیا ہے، lapse ہو گیا ہے۔ اس پر آپ کی رولنگ کی ضرورت ہوگی اور اس پر اٹارنی جنرل کو بھی اپنی رائے ظاہر کرنی چاہیئے۔

جناب چیئرمین: آپ حضرات نے وہ پوائنٹ جو وسیم سجاد نے اٹھایا تھا سن لیا ہے

[Mr. Chairman]

اور پروفیسر خورشید صاحب نے جو توضیح کی تھی اور جو مزید پوائنٹس نکالے ہیں، ان کو بھی سن لیا ہے۔ اس لئے آپ اپنی آراء سے اس ہاؤس کو آگاہ کر دیں۔ جناب عزیز منشی صاحب۔

Mr. Aziz A. Munshi: Thank you Mr. Chairman. The first position is that now the Ordinance has been laid before the House in terms of Article 89 clause (2). Sir, the position today is different from what it was yesterday or day before. Second position is that we are governed by written Constitution. If our Constitution says that this shall be the provision and this shall be the result of an act done or an omission committed, then it shall be dealt with accordingly. We cannot rely upon the Constitutions or the precedents of other countries without having those Constitutions before us. Now under Article 89(2) when a constitutional consequence is expressly provided then we shall go by it and we shall abide by it, we are all bound by it, there is no need for any further precedent. If the grammatical meaning is absolutely clear, then we shall go by the grammatical meaning and there should not be any doubt about it.

Now may I with your permission, Sir, read this Article 89(2), the relevant portion only. It says:

> "89 (2). An ordinance promulgated under this article shall have the same force and effect as an act of *Majlis-e-Shoora* (Parliament) and shall be subject to like restrictions as the power of *Majlis-e-Shoora* (Parliament) to make law, but every such Ordinance—
>
> (a) shall be laid—
>
> (ii) before both Houses if it does not contain provisions dealing with any of the matters referred to in sub-paragraph (i) and shall stand......"

And this is the consequence.

> "....shall stand repealed at the expiration of four months from its promulgation......"

So, not laying the Ordinance before the House does not render it illegal. What it says is that it shall be laid before both the Houses but if it is not laid then it shall stand repealed at the expiration of four months from its promulgation.

Now, this Ordinance was promulgated on 13th of May, so four months have to be calculated from 13th of May. This is a clear constitutional consequence provided expressly in the Constitution. Then the second alternative is given to the Houses, to both the Houses, in this case the Senate. It says:

> "......or if before the expiration of that period a resolution disapproving it is passed by either House, upon the passing of that resolution;......"

Now this is a clear consequence. Therefore, to say that any other consequence follows is not correct. I would rather go by our own Constitution than by the precedents of any other country of which the Constitution is not produced here.

Secondly, Sir, we are also governed by the rules of the Senate. Now to say that because on the 3rd of July the Senate met and the Ordinance was not produced here or not put on the Table of the House, the Ordinance lapsed would amount to a violation of the language of the Constitution under Article 89(2) because there the life given is four months. One cannot give that unreasonable interpretation to the Constitution or to a provision which is not contained in the Constitution. And what does the rule say? We have to read the constitutional provisions alongwith the rules. May I draw your attention to Rule 126. Rule 126 says:

> "126 (1) On the commencement of a session, as soon as may be, all Ordinances referred to in sub-paragraph (ii) of paragraph (a) of clause (2) of Article 89, made after prorogation of the last session, shall be laid on the Table."

Now, the words are "as soon as may be". If what the honourable member said is correct, they would have said in the rules 'on the first day of the opening of the session' but the rule says" as soon as may be." Now from the 3rd of July till the 16th of July, 13 days have passed. May be for whatever reasons it was not laid may be it was a *bonafide* omission, may be any other reason; but it is not a very long period. So it is not correct to say that on the day on which the session opened, the Ordinance automatically lapsed because if we were to accept that interpretation it would be in violation of Rule 126 as well as in violation of sub-clause (2) of Article 89 which gives an express period of four months to the life of an Ordinance. If nothing happens in this House and unless a resolution of disapproval is passed, the Ordinance will go on, it will have its normal life. It will live its normal life of four months. Since this particular aspect has been taken

[Mr. Azíz Ǎ. Munshi]

care of, now that the Ordinance has been put on the Table of the House, may I say with due respect to all the members that there cannot be any grievance and a reasonable interpretation has to be put. I am only concerned with the legality of placing it on the Table of the House. So if the words "as soon as may be" covered the placing of the Ordinance on the Table of the House, then there is nothing illegal, and as far as the life of the Ordinance is concerned it cannot lapse on the first day of the opening of the session itself.

Mr. Chairman: It is not contended.

Mr. Aziz A. Munshi: That is all. Then, Sir, may I say that the subsequent provisions do not come into play because the Ordinance is here and it is upto the House to pass a resolution if they so wish.

Mr. Chairman: Now that you are on your feet, can you kindly clarify one more point for my benefit. We have today an Ordinance before us. It has been laid on the Table of the House under Article 89 (2). This House is entitled to consider that Ordinance and, theoretically if it so wishes, to disapprove it by a resolution. At the same time we have received a Bill passed by the National Assembly which is also before us for consideration and on which a motion has also been moved that it should be taken into consideration. What happens now that we have both the Ordinance as well as the Bill? Shall priority be given to the consideration of the Ordinance, in fact should it be considered at all or we shall concentrate on the Bill itself? If we do the latter then what happens to the right of the House to reject the Ordinance by means of a resolution? Would you kindly throw some light on this aspect also.

Mr. Aziz A. Munshi: May I say this, Sir, that I would be again putting any construction or interpretation on the provisions of the Constitution which would destroy one or the other aspect. Every attempt should be made to keep alive all the provisions of the Constitution. Now here is a constitutional provision which says, "laying on the Table of the House." That has been done. A right is given to the House to either accept it or reject it by a resolution. If the House wants to exercise that right, it should not be deprived of that right. That is the constitutional provision. However, as far as the Bill is concerned, it has its own place because the Bill has been received from the National Assembly according to the rules, under Rule 102. Again the provision is to be considered very reasonably so as to harmonise every thing which is contained in the rules as well as in the Constitution. Rule 102 which deals with the Bills says:

"When a Bill originating in the Assembly has been passed by it and is transmitted to the Senate, the Secretary shall, as soon as may be, cause it to be circulated among the members."

And the Bill has been circulated accordingly. So, Sir, speaking for myself and expressing the constitutional provisions I would say that an interpretation may be given which keeps alive the right of the House in every respect. It is entirely a decision for the House to take and members should not be deprived of passing a resolution to disapprove it, if they so desire, but at the same time the Bill will stay in its own place. This is my humble interpretation.

Mr. Chairman: One more question and that I think would finish as far as I am concerned. If this Ordinance was under consideration in the National Assembly and if it had been placed in this House also, and before the National Assembly could pass that Ordinance in the form of a Bill, convert it into an Act ; if this House had decided that it should be rejected what would have been the position or would it at all have had any effect on the proceedings in the National Assembly as for the approval of that Ordinance or the conversion of that Ordinance into an Act was concerned?

Mr. Aziz A. Munshi: Sir, hypothetically speaking and speaking for myself I would say that the right of the National Assembly could not be taken away. How could this House take away the Constitutional right of the National Assembly to pass some thing?

Mr. Chairman: I am referring to the language of Article 89(2) which says that if either House disapproves of it then that kills the Ordinance itself.

Mr. Aziz A. Munshi: But that is not the position here.

Mr. Chairman: The point is that if that Ordinance had been introduced here earlier and if that resolution of disapproval had been passed in this House according to you, would it have had any effect on the proceedings in the National Assembly.

Mr. Aziz A. Munshi: At present I would say, it would create complications.

Mr. Chairman: Right.

Prof. Khurshid Ahmad: Sir, may I say something?

Mr. Chairman: Yes, Prof. Khurshid Ahmad.

Prof. Khurshid Ahmad: Mr. Chairman, I am not convinced of the way the Attorney General has read this article of the Constitution and invite your attention to read it once again, Article 89. I read clause 2;

> "An Ordinance promulgated under this Article shall have the same force and effect as an Act of *Majlis-e-Shoora* (Parliament) and shall be subject to like restrictions as the power of *Majlis-e-Shoora* (Parliament) to make law, but every such Ordinance—
>
> (a) Shall be laid—
>
> (ii) before both Houses if it does not contain provisions dealing with any of the matters referred to in sub-paragraph (i), and shall stand repealed at the expiration of four months from its promulgation or, if before the expiration of that period a resolution disapproving it is passed by either House, upon the passing of that resolution."

Now it visualizes three situations not two. First it has been introduced, it would have a force of law subject to;

